AQA

Please write clearly in block capitals.

Centre number [ | | | | ] Candidate number [ | | | ]

Surname ________________________________

Forename(s) ________________________________

Candidate signature ________________________________
I declare this is my own work.

# GCSE
# URDU

## Higher Tier Paper 3 Reading

H

Time allowed: 1 hour

**Materials**
You will need no other materials.

**Instructions**
- You must **not** use a dictionary.
- Use black ink or black ball-point pen.
- Fill in the boxes at the top of this page.
- Answer **all** questions.
- You must answer the questions in the spaces provided. Do **not** write outside the box around each page or on blank pages.
- If you need extra space for your answer(s), use the lined pages at the end of this book. Write the question number against your answer(s).
- In **Section A**, answer the questions in **English**.
- In **Section B**, answer the questions in **Urdu**.
- In **Section C**, translate the passage into **English**.
- Do all rough work in this answer book. Cross through any work you do not want to be marked.

**Information**
- The marks for questions are shown in brackets.
- The maximum mark for this paper is 60.

| For Examiner's Use | |
|---|---|
| Question | Mark |
| 1 | |
| 2 | |
| 3 | |
| 4 | |
| 5 | |
| 6 | |
| 7 | |
| 8 | |
| 9 | |
| 10 | |
| 11 | |
| 12 | |
| **TOTAL** | |

Do not write outside the box

## Section A

Questions and answers in **English**

Answer **all** questions in the spaces provided.

**0 1** **Me, my friends and family**

Read the following extract from ***Mirat-ul-Uroos*** by Deputy Nazir Ahmad and the statements below.

اکبری ایک بیوقوف اور برے مزاج والی عورت تھی جسے اس کے خاوند کے
گھر والے بھی پسند نہیں کرتے تھے لیکن اس کی چھوٹی بہن اصغری بہت عقل
مند اور نیک تھی۔ وہ پڑھنا لکھنا جانتی تھی اور ہر ایک طرح کا کپڑا سی سکتی تھی۔
اس کے علاوہ مختلف قسم کے کھانے پکانا جانتی تھی۔ ماں باپ اصغری سے بہت
پیار کرتے تھے اسی لیے اکبری اپنی چھوٹی بہن سے ناراض رہتی بلکہ اسے اکیلا پا کر
مار بھی لیا کرتی تھی لیکن اصغری ہمیشہ اپنی بڑی بہن کی عزت کرتی تھی۔

Write **T** if the statement is **true**.

Write **F** if the statement is **false**.

Write **NT** if the information is **not in the text**.

**0 1 . 1** Akbari had a bad temperament.

**[1 mark]**

**0 1 . 2** Akbari was a married woman.

**[1 mark]**

**0 1 . 3** Akbari's younger sister, Asghari, had the same bad habits.

**[1 mark]**

Do not write outside the box

**0 1 . 4** Asghari was skilled at sewing and cooking.

**[1 mark]**

**0 1 . 5** Asghari was **not** literate.

**[1 mark]**

**0 1 . 6** Asghari got engaged at a very young age.

**[1 mark]**

**0 1 . 7** Akbari was unhappy with her younger sister.

**[1 mark]**

**7**

**Turn over for the next question**

Do not write outside the box

**0 2** **Shopping**

You read Ahmed's email complaint about his online order.

محترم منیجر صاحب
السلام علیکم

میں نے آپ کے اسٹور کی ویب سائٹ سے کچھ برتن خریدے تھے۔ پارسل میں چائے کی پیالیاں سامان میں شامل نہیں تھیں۔ لیکن میری آپ سے یہ شکایت ہے کہ مجھ سے سامان کی اصل قیمت سے زیادہ پیسے وصول کیے گئے ہیں۔ میں نے فون پر رابطہ کرنے کی کوشش کی لیکن کسی نے بھی فون کا جواب نہیں دیا۔ میری درخواست ہے کہ مجھے میرا ٹھیک سامان بھیجنے کی بجائے میری ساری رقم واپس کر دیں۔

شکریہ

Answer the following questions in **English**.

**0 2 . 1** What did Ahmed buy from the online store?

____________________________________________

**[1 mark]**

**0 2 . 2** What is missing from Ahmed's order?

____________________________________________

**[1 mark]**

**0 2 . 3** What is Ahmed's main complaint?

____________________________________________

**[1 mark]**

*Do not write outside the box*

**0 2 . 4** Who answered Ahmed's call?

_______________________________________________

**[1 mark]**

**0 2 . 5** What does Ahmed want the store manager to do?

_______________________________________________

**[1 mark]**

5

**Turn over for the next question**

Do not write outside the box

**0 3** **Holidays**

You read these blog posts about holidays from three Pakistani young people.

| | |
|---|---|
| مجھے یورپ کے شہر دیکھنے کا شوق ہے۔ میں ہر سال کسی بھی شہر میں جانے سے پہلے اُس کے بارے میں تمام معلومات حاصل کرلیتا ہوں۔ مجھے زبانیں سیکھنے کا شوق ہے اس لیے اُس شہر میں بولی جانے والی زبان کے کچھ جملے سیکھ لیتا ہوں تاکہ مجھے وہاں لوگوں کے ساتھ بات کرنے میں آسانی ہو۔ | <br>**Wasim** |
| شہروں میں آلودگی اور شور ہوتا ہےاس لیے میں اپنی چھٹیاں پہاڑی علاقوں میں گزارتا ہوں۔ تازہ ہوا ،تیز بہتے ہوئے دریا اور سر سبز درختوں کو دیکھ کر مجھے سکون ملتا ہے۔ | <br>**Asif** |
| مجھے پاکستان میں چھٹیاں گزارنے کا مزہ آتا ہے کیونکہ میرے گھر والے یہاں رہتے ہیں اور اُن سے سال میں ایک بار ہی ملاقات ہوتی ہے۔ بیرونِ ملک رہ کر مجھے پاکستانی کھانے، لباس اور دوستوں کی بہت یاد آتی ہے۔ | <br>**Nadia** |

Do not write outside the box

Write the first letter of the correct name in the box.

Write **W** for **Wasim**.

Write **A** for **Asif**.

Write **N** for **Nadia**.

**0 3 . 1** Who does **not** prefer city holidays?

**[1 mark]**

**0 3 . 2** Who is keen on learning a new language?

**[1 mark]**

**0 3 . 3** Who sees their family members once a year?

**[1 mark]**

**0 3 . 4** Who likes to collect information about a holiday destination?

**[1 mark]**

**0 3 . 5** Who likes to spend holidays in the mountains?

**[1 mark]**

5

**Turn over for the next question**

Do not write outside the box

**0 4** **Poverty**

You read this article by Sadia in her school magazine.

غربت صرف غریب ملکوں کا ہی نہیں بلکہ امیر ملکوں کا بھی مسئلہ ہے۔ ایک شام انگریزی کی کلاس ختم ہونے پر میں دیر سے اسکول سے نکلی۔ بس کے انتظار میں کافی دیر کھڑی رہی مگر بس کے انجن میں خرابی کی وجہ سے اس دن بس نہ آئی۔ مجھے پریشان دیکھ کر ایک بھکاری جو وہاں بیٹھا تھا میری طرف بڑھا اور اپنی جیب سے کچھ پیسے نکال کر مجھے ٹیکسی میں گھر جانے کو کہا۔ یہ شخص شہر میں فیکٹری بند ہونے کی وجہ سے بے روزگار ہو چکا تھا اور اس کے پاس گھر بھی نہیں تھا۔ مجھے یہ دیکھ کر حیرت ہوئی اور اس بات کا میرے دل پر گہرا اثر ہوا۔ گھر پہنچتے ہی میں نے اس بھکاری کے لیے ایک ویب سائٹ بنائی جس کے ذریعے چندہ جمع کیا جا سکے۔ جمع کی ہوئی رقم اور اپنے والدین کی مدد سے اس بے گھر شخص کے لیے ایک کمرہ اور اس کے کرایے کا انتظام بھی کر دیا گیا ہے۔ میں اسی طرح پیسے جمع کر کے غریبوں کی مدد جاری رکھوں گی۔

Choose the correct statements.

Write the correct letter in each box.

**0 4 . 1** The bus did **not** arrive because the…

| | |
|---|---|
| **A** | service was terminated. |
| **B** | road was blocked. |
| **C** | bus engine was broken. |

[ ]

**[1 mark]**

*Do not write outside the box*

**0 4 . 2** The homeless person offered to…

| | |
|---|---|
| **A** | walk Sadia home. |
| **B** | pay for Sadia’s transport. |
| **C** | call Sadia’s parents. |

**[1 mark]**

**0 4 . 3** When Sadia reached home she…

| | |
|---|---|
| **A** | texted her friends. |
| **B** | posted on her Facebook. |
| **C** | created a website. |

**[1 mark]**

**0 4 . 4** Sadia returned the favour by…

| | |
|---|---|
| **A** | collecting donations. |
| **B** | raising awareness. |
| **C** | providing hot meals. |

**[1 mark]**

**0 4 . 5** Sadia and her parents helped the homeless person by providing…

| | |
|---|---|
| **A** | clothes. |
| **B** | a stable job. |
| **C** | accommodation. |

**[1 mark]**

5

Do not write outside the box

**0 5** **Education**

Complete the text using words in the list.

Write the correct letter in each box.

ہماری زندگی میں تعلیم بہت [ ] ہے۔ بچپن میں والدین ہمارے پہلے استاد ہوتے ہیں جن کی مدد سے ہم نئی [ ] سیکھتے ہیں۔ اس کے علاوہ والدین اپنے آس پاس کی چیزوں کی [ ] کرنے کا طریقہ بھی سکھاتے ہیں۔ تعلیم ہمیں اپنے ملک کا اچھا [ ] بناتی ہے۔ ملازمت کے انٹرویو میں بھی تعلیم کے بارے میں سوال پوچھا جاتا ہے۔

**[4 marks]**

| | |
|---|---|
| کامیاب | **A** |
| پہچان | **B** |
| ضروری | **C** |
| مضمون | **D** |
| رشتے | **E** |
| زبان | **F** |
| ہنر | **G** |
| شہری | **H** |

___ / 4

Do not write outside the box

**0 6** **Leisure activities**

You read this article in a magazine about television.

ٹیلی ویژن

ریڈیو کی طرح اب ٹیلی ویژن بھی لوگوں کی ضروریات زندگی میں داخل ہوتا جا رہا ہے۔ شام ہوتے ہی گھر کے چھوٹے بڑے سب اس کے سامنے بیٹھ جاتے ہیں اوراس کی وجہ یہ ہے کہ سب ٹیلی ویژن کے رنگا رنگ تفریحی اور معلوماتی پروگراموں سے لطف اندوز ہوتے ہیں۔ ٹیلی ویژن ایک بہترین ذریعہ تعلیم بھی ہے۔ اس کے ذریعے طالب علم سائنس کی نئی ایجادات، ٹیکنالوجی اور تمام نصابی مضامین کے بارے میں معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔ ٹیلی ویژن کے اصلاحی اور معلوماتی پروگراموں سے جہاں ہمارے نوجوان مفید معلومات حاصل کرتے ہیں وہاں مار دھاڑ ، جرائم اور قتل و غارت کے مناظر دیکھ کر وہ منفی اثرات کی وجہ سے بڑے مسائل کا شکار بھی ہو سکتے ہیں۔

Answer all parts of the question in **English**.

**0 6 . 1** According to the text, how has television become an important part of family life?

**[1 mark]**

________________________________________________________________

**0 6 . 2** According to the text, how does television play a vital role in educating children? Give **one** detail.

**[1 mark]**

________________________________________________________________

**0 6 . 3** According to the text, what is the biggest problem a young television audience faces? Give **one** detail.

**[1 mark]**

________________________________________________________________

3

Turn over ▶

Do not write outside the box

**0 7** **Environment**

You read what some young people have written about their local area on an Urdu blog.

| | |
|---|---|
| ہمارے گاؤں میں ایک بجلی گھر بننے کی وجہ سے مقامی لوگوں کو روزگار کے مواقع ملیں گے۔ کچھ لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ حکومت کسانوں سے ان کی زمین کا بہت بڑا حصّہ اس بجلی گھر کی تعمیر کے لیے استعمال کرے گی۔ یہ کسانوں کے لیے نقصان دہ ہو گا۔ | **Sajid** |
| ہمارے شہر میں نئی سڑکیں بننے کی وجہ سے ٹریفک کا مسئلہ تو حل ہو گیا ہے لیکن سڑکیں بنانے کے لیے شہر میں لگے درختوں کو کاٹ دیا گیا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ برسات کے موسم میں سیلاب کا پانی سڑکوں اور گھروں میں کئی دنوں تک رہتا ہے۔ | **Sofia** |

*Do not write outside the box*

For each person, write down **one** advantage and **one** disadvantage of the changes in their local areas.

Answer the questions in **English**.

**0 7 . 1** **Sajid**

| Advantage | Disadvantage |
| --- | --- |
| | |

**[2 marks]**

**0 7 . 2** **Sofia**

| Advantage | Disadvantage |
| --- | --- |
| | |

**[2 marks]**

4

**Turn over for Section B**

Do not write outside the box

## Section B

Questions and answers in **Urdu**

Answer **all** questions in the spaces provided.

**0 8**

کالج کی زندگی

نیچے دی گئی عبارت کو غور سے پڑھیں جو **پطرس بخاری** کے مضمون 'ہاسٹل میں پڑنا' سے لی گئی ہے۔

> مجھے سینما جانے کی اجازت کبھی کبھار مل جاتی تھی لیکن اس شرط* پر کہ بچوں کو بھی ساتھ لیتا جاؤں۔ اپنے کمرے کی صفائی میں ہمیشہ اچھی طرح سے کرتا لیکن تیرنا مجھے نہ آیا کیوں کہ ہمارے ماموں کا کہنا ہے کہ ''ڈوبتا وہی ہے جو تیرنا جانتا ہو'' جو تیرنا نہیں جانتا ہو وہ پانی میں گھستا ہی نہیں۔ گھر آنے جانے والے دوستوں کا انتخاب بھی ماموں کے ہاتھ میں تھا۔ کوٹ کتنا لمبا پہنا جائے اور بال کتنے لمبے رکھے جائیں، ان کے متعلق ہدایات بہت سخت تھیں۔ ہفتے میں دو بار گھر خط لکھنا ضروری تھا۔ گانے بجانے کی اجازت بالکل نہیں تھی۔

شرط : condition*

ہر سوال کے صحیح جواب کا **انگریزی** حرف خانے میں لکھیں۔

**0 8 . 1** پطرس کو کس بات پر سینما جانے کی اجازت تھی؟

| | |
|---|---|
| **A** | کام ختم کرنے پر |
| **B** | بچوں کے ساتھ |
| **C** | صرف چھٹیوں میں |

☐

**[1 mark]**

Do not write outside the box

0 8 . 2

پطرس کون سا کام نہیں کر سکتا تھا؟

| | |
|---|---|
| A | تیراکی کرنا |
| B | گاڑی چلانا |
| C | صفائی کرنا |

[1 mark]

0 8 . 3

پطرس کے ماموں کس طرح کے انسان تھے؟

| | |
|---|---|
| A | نرم دل |
| B | سخت |
| C | لاپرواہ |

[1 mark]

0 8 . 4

پطرس کے گھر میں کس چیز کی اجازت نہیں تھی؟

| | |
|---|---|
| A | ٹی وی دیکھنے کی |
| B | خط لکھنے کی |
| C | موسیقی سننے کی |

[1 mark]

4

Turn over ▶

Do not write outside the box

**0 9**

## بے گھر لوگ

**نیچے دی گئی عبارت کو غور سے پڑھیں اور سوالات کے جوابات اردو میں لکھیں۔**

پچھلے کچھ سالوں سے دنیا کے بدلتے ہوئے حالات نے بے گھر لوگوں کی تعداد میں اضافہ کر دیا ہے۔ لوگ کئی وجوہات کی بناء پر بے گھر ہو جاتے ہیں۔ جیسا کہ سستے گھروں کی کمی، غربت اور کام نہ ملنا۔ اگر مستقبل میں کسی ملک نے آگے بڑھنا ہے تو ایسے لوگوں کے بارے میں سوچنا ہو گا۔ حکومت کو بے گھر لوگوں کے لیے رہنے کی جگہ، پہننے کے لیے کپڑے اور صحت کی سہولتیں دینا ہوں گی۔

**0 9 . 1** عبارت کے مطابق لوگ بے گھر کیوں ہوتے ہیں؟ دو باتیں لکھیں۔

**[2 marks]**

______________________________

______________________________

**0 9 . 2** حکومت کو اس مسئلے کے حل کے لیے کیا کرنا چاہیے؟ دو باتیں لکھیں۔

**[2 marks]**

______________________________

______________________________

4

Do not write outside the box

**1 0**

## کھیل کی اہمیت

اردو اخبار کے اس مضمون کو پڑھیں۔

کھیل تفریح کا ایک ایسا ذریعہ ہے جس سے ہمارے اندر وقت کی پابندی کی عادت پڑتی ہے۔ کھیل مقررہ وقت پر شروع اور ختم ہوتا ہےاور اسی دوران کھلاڑیوں میں ہار جیت کا فیصلہ بھی کرنا ہوتا ہے۔ کھیل سے وقت کی اہمیت معلوم ہوتی ہے اور وقت کی پابندی کی عادت پڑ جاتی ہے ۔ اس کے علاوہ اپنی غلطیوں سے سیکھنے کا موقع ملتا ہے۔یہ عادت آگے چل کر کھلاڑیوں کے لیے کامیابی کا باعث بنتی ہے۔ کھیل جسمانی صحت کے لیے بہت ضروری ہے ۔ کھیل سے جسم مضبوط اور توانا ہوتا ہے اور دماغ بھی صحت مند رہتا ہے۔ اگر جسم اور دماغ صحت مند نہ ہوں تو زندگی کا مزہ نہیں آتا۔

اُوپر دی گئی عبارت پڑھیں اور **چار** صحیح بیانات کے **انگریزی** حروف خانوں میں لکھیں۔

| | |
|---|---|
| A | کھیل صرف مشغلے کے طور پر ہی کھیلا جاتا ہے۔ |
| B | کھیل وقت کی پابندی کرنا سکھاتا ہے۔ |
| C | کھیل پڑھائی سے دور کر دیتا ہے۔ |
| D | کھیل ایک خاص وقت کے اندر ہی کھیلا جاتا ہے۔ |
| E | کھیل سے وقت ضائع ہوتا ہے۔ |
| F | کھلاڑی اپنی غلطیوں سے سیکھ کر ہی کامیاب ہوتے ہیں۔ |
| G | جسم کی مضبوطی کھیل سے ہی ممکن ہے۔ |
| H | کھیل سے دماغ کمزور ہو جاتا ہے۔ |

☐ ☐ ☐ ☐

**[4 marks]**

4

**Turn over ▶**

Do not write outside the box

**1 1**

## سوشل میڈیا

سوشل میڈیا پر لکھے اس بلاگ کو پڑھیں۔

بیس سال پہلے انٹرنیٹ کی دنیا میں کچھ ایسی ویب سائٹس سامنے آئیں۔ جنھوں نے نہ صرف لوگوں کو ایک دوسرے سے قریب کردیا بلکہ ہزاروں کلومیٹر کے فاصلے کو بھی ختم کردیا۔ دوسری طرف فیس بک، ٹوئٹر، انسٹاگرام اور یو ٹیوب جیسی ایپس کے موبائل فون پر متعارف ہونے سے لڑکے اور لڑکیاں مشہور ہونے کے لیے اپنی ویڈیو بنا کرسوشل میڈیا کے ذریعے لوگوں کو بھیجتے ہیں۔ اِن کا سوشل میڈیا سے ایسا عجیب تعلق قائم ہوا ہے کہ اب یہ لوگ وقت اور رشتوں کی قدر کرنا بھول گئے ہیں۔ سوشل میڈیا ہمیں بہت سی ایسی خبریں فراہم کرتا ہے جو زیادہ تر درست نہیں ہوتیں کیونکہ اس میں سچائی بہت کم ہوتی ہے۔ سوشل میڈیا کا صحیح استعمال بہت کچھ بدل سکتا ہے جیسا کہ تعلیمی اور مذہبی معلومات سے بچوں کی اچھی تربیت کی جا سکتی ہے۔ اگر یہ کہا جائے کہ اس کے استعمال سے نوجوان خود مختار ہو رہے ہیں تو غلط نہ ہوگا۔ اب انھیں جگہ جگہ کام تلاش کرنے کی ضرورت نہیں بلکہ وہ گھر بیٹھے بھی نوکری حاصل کر سکتے ہیں۔

ہر سوال کے صحیح جواب کا **انگریزی** حرف خانے میں لکھیں۔

**1 1 . 1** انٹرنیٹ نےلوگوں کو کیا فائدہ پہنچایا ہے؟

| A | B | C |
|---|---|---|
| لوگوں کو دور کر دیا ہے | لوگوں کو قریب کیا ہے | لوگوں کو خوش کر دیا ہے |

**[1 mark]**

*Do not write outside the box*

**1 1 . 2** سوشل میڈیا پر لڑکے اور لڑکیاں کس مقصد کے لیے اپنی ویڈیو بھیجتے ہیں؟

| A | B | C |
|---|---|---|
| پیسے کمانے کے لیے | تفریح کے لیے | مشہور ہونے کے لیے |

☐

**[1 mark]**

**1 1 . 3** لوگوں کی زندگی میں سوشل میڈیا کا کیا کردار ہے؟

| A | B | C |
|---|---|---|
| معلومات بڑھانا | وقت ضائع ہونا | نئے دوست بنانا |

☐

**[1 mark]**

**1 1 . 4** عبارت میں سوشل میڈیا سے متعلق کن خبروں کا ذکر ہے؟

| A | B | C |
|---|---|---|
| مزاحیہ | سچی | جھوٹی |

☐

**[1 mark]**

**Question 11 continues on the next page**

*Do not write outside the box*

**11.5** سوشل میڈیا کے صحیح استعمال سے بچوں کو کیا فائدہ پہنچ سکتا ہے؟

| A | B | C |
|---|---|---|
| اچھی تربیت | قابلیت بڑھنا | امتحانات میں کامیابی |

☐

**[1 mark]**

**11.6** نوجوانوں کا کون سا اہم مسئلہ سوشل میڈیا حل کر سکتا ہے؟

| A | B | C |
|---|---|---|
| تعلیم | روزگار | بوریت |

☐

**[1 mark]**

6

Do not write outside the box

## Section C

Translation into **English**

**1 2** Translate the following Urdu magazine article for your teacher into **English**.

پچھلے ہفتے ہمارے اسکول میں ایک فیشن کی تقریب میں اسکول کے تمام بچوں اور اساتذہ نے حصّہ لیا۔ لڑکے، لڑکیاں اور اسکول کے اساتذہ مختلف ممالک کے لباس میں بہت اچھے لگ رہے تھے۔ والدین کو یہ تقریب بہت پسند آئی۔ مجھے امید ہے کہ مستقبل میں بھی اس قسم کے پروگرام ہوں گے۔

**[9 marks]**

9

**END OF QUESTIONS**

*Do not write outside the box*

**There are no questions printed on this page**

**DO NOT WRITE ON THIS PAGE**
**ANSWER IN THE SPACES PROVIDED**

*Do not write outside the box*

| Question number | **Additional page, if required. Write the question numbers in the left-hand margin.** |
| --- | --- |
| | |

Do not write outside the box

| Question number | Additional page, if required. Write the question numbers in the left-hand margin. |
| --- | --- |

**Copyright information**

For confidentiality purposes, all acknowledgements of third-party copyright material are published in a separate booklet. This booklet is published after each live examination series and is available for free download from www.aqa.org.uk.

Permission to reproduce all copyright material has been applied for. In some cases, efforts to contact copyright-holders may have been unsuccessful and AQA will be happy to rectify any omissions of acknowledgements. If you have any queries please contact the Copyright Team.

Copyright © 2022 AQA and its licensors. All rights reserved.